**Government of Telangana**
**DISTRICT COMMON EXAMINATION BOARD**
MODEL QUESTION PAPER
First Language URDU
نمونہ پرچہ سوالات (**ماڈل پیپر**)

VIII Class | Marks: 80 | Time: 2:45 Hrs

---

**ہدایات:۔**

(1) 15 منٹ پرچہ سوالات کو پڑھنے اور سمجھنے کیلئے مختص کئے گئے ہیں۔ باقی ڈھائی گھنٹے امتحان لکھنے کیلئے۔

(2) جوابات جوابی بیاض میں لکھیئے۔

**سمجھنا۔ اظہار خیال کرنا۔**

**(الف) ذیل کی عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیئے۔** **5x1=5**

ہندوستان نے خلائی تحقیقات کے پروگرام کو ایک خاص ڈھنگ سے چلایا۔ چنانچہ کوشش یہ کی گئی کہ ہندوستان خلائی پروازوں کے معاملے میں کسی کا محتاج نہ رہے۔ ہر وہ چیز جو ضروری ہو ملک کے اندر ہی تیار کی جائے۔ اس مقصد کیلئے ایک مرکزی تنظیم انڈین اسپیس ریسرچ آرگنائزیشن جس کو (ISRO) کہتے ہیں قائم کی گئی۔ اس تنظیم کے تحت ملک کے مختلف حصوں میں چالیس سے زائد کارخانے اور اس میں جلنے والے ایندھن' اس کے ریموٹ سنسنگ' اس کو ٹھنڈار کھنے اور توانائی پہنچانے والے آلات' راکٹ سے موصول ہونے والی معلومات اور اشاروں کو حاصل کرنے اور پھر ان کی وضاحت کرنے والے ماہرین کے گروپس اور آلات پر مشتمل ہیں۔ چونکہ معلومات راکٹوں سے اشاروں کی شکل میں حاصل ہوتے ہیں اس لئے ان کو عام الفاظ اور تصاویر کی شکل میں تبدیل کرنا پڑتا ہے۔

1۔ ISRO کیوں قائم کی گئی ہے؟

2۔ ISRO کے تحت ملک بھر میں چالیس سے زائد کارخانے اور تجربہ قائم کرنے کا مقصد کیا ہے؟

3۔ سری ہری کوٹا کن چیزوں پر مشتمل ہے؟

4۔ راکٹوں سے موصول ہونے والی معلومات کو تبدیل کیوں کرتے ہیں؟

5۔ ISRO کس کا مخفف ہے۔

**(ب) ذیل کے اشعار کو مکمل کیجئے۔** **5x1=5**

6۔ ہم سے بازار کی رونق ہے، ہم سے چہروں کی لالی ہے

___________________________________

___________________________________

مزدور ہیں ہم مزدور ہیں ہم، سوتیلے بیٹے قسمت کے

**(ج) ذیل کے اشعار پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیئے۔** **2x5=10**

میرے آقا محمدؐ ہیں کتنے حسیں — کتنا روشن بدن کتنی روشن جبین
پوری دنیا میں ایسا ہوا ہے کہیں — کوئی ایسا بنایا گیا ہی نہیں
کام ان کا سراپا خدا کی رضا — ان کی ہر بات محکم بڑی دل نشین
ان کی خاطر سجائے گئے آسمان — ان کی خاطر بنائی گئی ہے زمیں
مرے آقا کا مسکن ہے کتنا حسیں — رشک کرتی ہے جس پر وہ خلد بریں

7۔ حضور صلعمؐ کی پیشانی مبارک کیسی ہے؟
8۔ آسمان کیوں سجایا گیا ہے؟
9۔ مرے آقا کا مسکن کہاں ہے؟
10۔ خلد بریں کا مطلب لکھیئے؟
11۔ خلد بریں کس پر رشک کر رہی ہے؟

**ازخود لکھنا۔**

**(الف) حسب ذیل سوالات کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیئے۔** **4x4=16**

12۔ قرض لینے سے پیدا ہونے والے مسائل پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔
13۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے عیسائی اور خلیفہ ولید بن عبدالعزیز کے بیٹے عباس کے درمیان زمین کے معاملے کا فیصلہ کس طرح فرمایا؟
14۔ ہاتھ اٹھاتے شرم آتی ہے مگر'' اس مصرعے میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے۔
15۔ جمیل مظہری کا تعارف پیش کیجئے۔

(ب) ذیل کے سوالات کے جوابات 10 تا 12 جملوں میں لکھیے۔ **2x8=16**

16۔ دریائے نیل کے کنارے کی منظر کشی منصف نے کس طرح کی ہے اپنے الفاظ میں لکھیے۔

یا

بچت کیوں کی جاتی ہے جو لوگ بچت کرتے ہیں وہ کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتے۔ کیوں لکھیے۔

17۔ نظم ''برسات'' میں شاعر نے برسات کی منظر کشی کس طرح کی ہے قلمبند کیجیے۔

یا

مزدوروں کو کونسی سہولتیں اور مراعات فراہم کی جانی چاہیے۔

**تخلیقی اظہار۔**

**(ج) ذیل سے کوئی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیے۔** **1x8=8**

18۔ مدرسہ میں داخلے کیلئے طلباء کو راغب کرنے کیلئے ایک ورقیہ تیار کیجئے۔

19۔ موسم سرما اور گرما اپنی اپنی خوبیاں بیان کررہے ہیں۔ ان کی گفتگو کو مکالموں کی شکل میں لکھیے۔

20۔ ''جتنی چادر دیکھو اُتنے پاؤں پھیلاؤ'' کی وضاحت کرتے ہوئے ایک مضمون لکھیے۔

**لفظیات۔**

**(الف) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔** **2x1=2**

21۔ جلوہ گر :...........................................................................

22۔ حاجت روا :...........................................................................

**(ب) خط کشیدہ الفاظ کے موزوں معنی کا انتخاب کیجئے اور قوسین میں لکھیے۔** **8x1=8**

23 ۔ ترشح نے موسم کی حالت بدل دی خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھیے۔ (                )

(a) بارش (b) بوندا باندی (c) بجلی (d) گرج

24۔ دلہن کی ساری تارسیمیں سے تیار کی گئی ہے۔ خط کشیدہ لفظ کا معنی لکھیے۔ (                )

(a) چاندی کی تار (b) سونے کی تار (c) موتی کی لڑی (d) نگینہ جڑی

25۔ نیک لوگوں کی محفل میں بیٹھنا خوش بختی کی علامت ہے خط کشیدہ لفظ کی ضد۔ (                )

(a) مالدار (b) رہنماؤں (c) عزت دار (d) بد

26۔ اللہ تعالیٰ پوشیدہ رازوں کو جانتے ہیں۔ خط کشیدہ لفظ کی ضد لکھیے۔ (                )

(a) ناگہانی (b) آشکار (c) چھپے ہوئے (d) ڈھکے ہوئے

25۔ بارش میں تمام شجر ہرے بھرے ہوتے ہیں۔ خط کشیدہ لفظ کی جمع لکھیئے ( ) ( )

(a) اشجار (b) انوار (c) اوزار (d) ادوار

28۔ ہمیں اپنے اساتذہ کا احترام کرنا چاہئے۔ خط کشیدہ لفظ کا واحد لکھیئے ۔ ( ) ( )

(a) معلّمہ (b) متعلمین (c) معلمین (d) استاذ

29۔ سابقہ کی نشاندہی کیجئے۔ ( ) ( )

(a) مکاندار (b) بےایمان (c) گل فروش (d) نیازمند

30۔ لاحقہ کی نشاندہی کیجئے۔ ( ) ( )

(a) نیم حکیم (b) لاحاصل (c) بے پرواہ (d) پاپوش

**(ج) ذیل کے سوالات کے جواب ایک جملہ میں لکھیئے ۔** **10x1=10**

31۔ حروف شمسی کسے کہتے ہیں؟

32۔ حروف علت کون کونسے ہیں؟

33۔ مرکب لفظ کی مثال لکھیئے ؟

34۔ دو یا دو سے زائد الفاظ کو ایک ہی معنی ومفہوم کیلئے جوڑنا کیا کہلاتا ہے۔

35۔ علامت اضافت کسے کہتے ہیں؟

36۔ اصطلاح شعر میں کسی ایک موضوع پر اشعار کو منظّم کرنا کیا کہلاتا ہے؟

37۔ مناجات کے لغوی معنی کیا ہیں؟

38۔ عبدالجلیل کس کی مثال ہے؟

39۔ احمد کا گھوڑا' اس جملے میں مضاف کی نشاندہی کیجئے۔

40۔ صدا اور سدا' جال اور جعل' فعل اور فیل قواعد کی زبان میں ان الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

## ختم شد